1001. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا السَّدِيْدِ، إِذَا الْحَاجَاتُ قُضِيَتْ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ دُعَاءِ الْأَخِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (رَجُلٌ يَّشْكُو الْوَحْشَةَ فَيُعَلِّمُهُ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ الْعِلَاجَ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وثقف بن عمرو وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت السدید ﷺ جب حاجات پورے کیے جائیں گے بھائی کے لیے اس کی عدم موجودگی میں دعا کرنا اور ایک شخص نے تنہائی میں وحشت کی شکایت کی جس کا علاج آپ ﷺ نے بتایا اور قبول ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وثقف بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1002. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سِرَاجِ الدُّجٰى، إِذَا الدَّرَجَاتُ رُفِعَتْ، بَابٌ وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْمَا عَلَّمَهُ ﷺ لِأَصْحَابِهِ مِنْ لَّدْغَةِ الْعَقْرَبِ فَلَمْ تَضُرَّهُمْ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وثمامة بن أبي ثمامة الجذامي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سراج الدجی ﷺ جب درجات بڑھائیں جائیں گے بلاعنوان نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھنے کی فضیلت اور آپ ﷺ نے صحابہ ؓ کو بچھو سے ڈسنے کا دم بتانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وثمامہ بن أبی ثمامۃ الجذامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1003. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ، اِذَا النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ ذُكِرَ عِنْدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (عَبْدُاللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ وَرُقْيَةُ النَّبِيِّ ﷺ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَثمامة بن أثال الحنفي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا وسردار حضرت سراج المنیر ﷺ جب لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہوں گے جس کے سامنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہو، اور اس نے درود نہ پڑھا، اس کا وبال اور عبداللہ بن سعد کے لیے کیے گئے دعویٰ کی قبولیت کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وثمامہ بن اثال الحنفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1004. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا السِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ، اِذَا الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوْشِ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ دُعَاءِ الرَّجُلِ عَلٰى مَنْ ظَلَمَهُ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (رُقْيَتُهُ ﷺ لِمَنْ لَّدَغَتْهُ حَيَّةٌ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَثمامة بن بجاد العبدى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا وسردار حضرت سراط المستقیم ﷺ جب تک پہاڑ ریزہ ریزہ نہ ہوجائیں ظالم کے لیے بددعا کرنے کا بیان اور سانپ کاٹنے کا دم بتانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وثمامہ بن بجاد العبدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1005. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَرْخَلِيْطَسْ، بِعَدَدِ خَيْرٍ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ دَعَا بِطُوْلِ الْعُمُرِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فَاتِحَةُ الْكِتَابِ شِفَاءٌ لِّلَدِيْغِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَثمامة بن حزن القشيرى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا وسردار حضرت سرخلیطس ﷺ والدین تمام خیروں کو جمع کرنے کے تعداد کے برابر لمبی عمر کی دعا کرنا اور سورہ فاتحہ کو شفایابی کے لیے مقرر کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وثمامہ بن حزن القشیری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1006. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَعْدِ الْاَسْعَدِ، بِعَدَدِ الْاَسْمَآءِ الْحُسْنٰى، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ قَالَ: يُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ مَا لَمْ يَعْجَلْ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فَاتِحَةُ الْكِتَابِ شِفَاءٌ مِّنَ الْجُنُوْنِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَثمامة بن عدى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سعد الاسعد ﷺ والدین تمام اسماء حسنیٰ کے تعداد کے برابر بندے کی دعا اس وقت تک قبول ہوتی ہے جب تک جلدی نہ کرے اور جنون کے شفایابی کے لیے سورہ فاتحہ کو مقرر کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و ثمامہ بن عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1007. يَا هَادِىْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَعْدِ اللهِ بِعَدَدِ الْبِلَادِ وَالْقُرٰى، وَقَوْلُكَ فِىْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ تَعَوَّذَ بِاللّٰهِ مِنَ الْكَسَلِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (رُقْيَتُهُ ﷺ لِمَنْ يَّفْزَعُ فِىْ نَوْمِهٖ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَثوبان أبو عبد الرحمٰن وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِى الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سعد اللہ ﷺ والدین تمام شہروں اور آبادیوں کے تعداد کے برابر کاہلی اور سستی سے اللہ کی پناہ مانگنا اور خواب میں ڈرنے سے حفاظت کے لیے تعویز کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و ثوبان ابو عبد الرحمٰن رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1008. يَا هَادِىْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَعِيْدٍ بِعَدَدِ الْوَرٰى وَالثَّرٰى، وَقَوْلُكَ فِىْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْمَا عَلَّمَهُ ﷺ لِخَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ رَضِىَ اللهُ تَعَالٰى عَنْهُ لَمَّا حَصَلَ لَهُ الْاَرَقُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَثوبان بن بجدد وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِى الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سعید ﷺ والدین تمام وریٰ اور ثریٰ کے تعداد کے برابر جو اللہ تعالیٰ سے نہ مانگے وہ اس سے ناراض ہو جاتا ہے اور حضرت خالد بن ولیدؓ کے بے خوابی کے لیے وظیفہ بنانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و ثوبان بن بجدد رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1009. يَا هَادِىْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا السُّلْطَانِ بِعَدَدِ الْحَدَآئِقِ وَشَجَرِهَا، وَقَوْلُكَ فِىْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الصَّفِّ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَرَقُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ وَدُعَاءُ النَّبِيِّ ﷺ لَهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَثوبان بن سعد وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِى الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سلطان ﷺ والدین تمام درختوں اور پودوں کے تعداد کے برابر جہاد فی سبیل اللہ میں صف بندی کے وقت دعا کرنا اور زید بن ثابت کے بے خوابی کے لیے وظیفہ اور تعویز دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و ثوبان بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1010. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا السَّمْحِ بِعَدَدِ السَّفَرِ وَمَنَازِلِهَا، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ دَعَوَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْمَا عَلَّمَهُ ﷺ لِرَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِهِ اَدْبَرَتْ عَنْهُ الدُّنْيَا) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وثور بن تليدة وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت السمح ﷺ سفر اور ان کے منازل کے تعداد کے برابر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں کا بیان اور صحابہ؄ میں ایک صحابی کو دنیا سے منہ موڑ نے کا طریقہ بتانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و ثور بن تلیدۃ رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

1011. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَمْحِ الْخَلِيْقَةِ بِعَدَدِ الشَّرَفِ وَاَشْرَافِهَا، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الْغَيْثِ وَالْمَطَرِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْمَا عَلَّمَهُ ﷺ لِاُمَّتِهٖ لِلْاَمَانِ مِنَ السَّرِقَةِ وَغَيْرِهَا) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَثور بن عزرة القشيري وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سمح الخلیقۃ ﷺ والدین تمام شریفوں کے شرافت کے تعداد کے برابر بارش کے وقت دعا کرنا اور چوری سے حفاظت کے لیے دعا اور طریقہ بتانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و ثور بن عزرۃ القشیری رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

1012. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا السَّمِيِّ بِعَدَدِ النُّجُوْمِ وَكَوَاكِبِهَا، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الدُّعَاءِ بِالْمَوْتِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ وَدُعَاءُ النَّبِيِّ ﷺ وَالْحَجَّاجُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجؤول بن العباس وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت السمی ﷺ والدین تمام سیاروں اور ستاروں کے تعداد کے برابر موت کی دعا کرنے کی ممانعت اور حضرت انس بن مالک؄ کے حاجات کے لیے دعا کی قبولیت کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و جؤول بن العباس رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

1013. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا السَّمِيْعِ بِعَدَدِ الشُّهُوْرِ وَاَيَّامِهَا، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ دَعَوَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهٖ ﷺ مَنْ حَدَّثَ نَفْسَهُ بِالْفَتْكِ بِهٖ ﷺ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابان أبو ميمون وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سمیع ﷺ والدین تمام مہینوں اور دنوں کے تعداد کے برابر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعائیں اور جو اپنے آپ کو بہادر سمجھنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابان اُبو میمون رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1014. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا السَّنَا، بِعَدَدِ الْبِحَارِ وَاَنْهَارِهَا، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الْكَرْبِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهِ ﷺ مَنْ حَدَّثَ نَفْسَهُ بِاَنَّهُ لَيْسَ فِي الْيَوْمِ اَحَدٌ خَيْرٌ مِّنْهُ، وَمَا وَقَعَ فِيْ ذٰلِكَ مِنَ الْاٰيَاتِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن أبي سبرة الأسدي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت السنا ﷺ والدین تمام سمندروں اور نہروں کے تعداد کے برابر بے چینی کے وقت کی دعا اور ان لوگوں کے بارے میں خبر دی جو اپنے آپ کو موجود زمانے میں اس جیسا کوئی نہیں اور اس کے بارے میں آیات بیان کر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن اُبی سبرۃ الأسدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1015. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا السَّنَدِ، بِعَدَدِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الاسْتِخَارَةِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهِ ﷺ وَابِصَةَ بْنَ مَعْبَدٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ بِاَنَّهُ يَسْاَلُ عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن أبي صعصعة وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت السند ﷺ والدین تمام جن و انس کے تعداد کے برابر استخارہ کی دعا اور وابصہ بن معبدؓ پر واضح کیا کہ اس سے نیکی اور بدی کے بارے میں پوچھا جانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن اُبی صعصعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1016. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَهْلِ الْخُلُقِ، بِعَدَدِ الْكَوَاكِبِ وَمَنَازِلِهَا، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ اِذَا خَافَ السُّلْطَانَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهِ ﷺ الثَّقَفِيَّ، وَالْاَنْصَارِيَّ بِمَا جَاءَ الِيَسْاَلَا عَنْهُ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن أسامة الجهني وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سہل الخلق ﷺ کواکب اور ان کے منازل کے تعداد کے برابر جب بادشاہ کا ڈر ہو تو یہ دعا پڑھے اور ثقفی اور انصاری کے بارے میں جو آئے گا اس بارے میں نبی ﷺ سے سوال کرنے کا

معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجابر بن أسامۃ الجھنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1017. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا السَّيِّدِ، بِعَدَدِ الطُّيُوْرِ وَرِيْشِهَا، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَا يُدَّخَرُ لِلدَّاعِي مِنَ الأَجْرِ وَالثَّوَابِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ أَمْرِهِ ﷺ أَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ بِالْاِسْتِعْفَافِ، لَمَّا أَرَادَ أَنْ يَّسْأَلَهُ شَيْئًا مِّنَ الدُّنْيَا، وَمَا وَقَعَ فِيْ ذٰلِكَ مِنَ الْآيَاتِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن حابس اليمامي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت السید ﷺ والدین تمام پرندوں اور اس کے پروں کے تعداد کے برابر دعا کرنے والے کے لیے اجر و ثواب کے ذخیرہ ہونے کا بیان اور ابو سعید الخدری رضی اللہ عنہ کو سوال سے منع کرنے کا حکم دیا تھا جب وہ دنیا کے بارے میں سوال کرنے آئے تھے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجابر بن حابس الیمامی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1018. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا سَيِّدِ أَهْلِ الْبَدْوِ، بِعَدَدِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ فَضْلِ الدُّعَاءِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ إِخْبَارِهِ ﷺ مَنْ قَالَ فِيْ نَفْسِهِ شِعْرًا بِهِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن سفيان وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سید اہل البدو ﷺ والدین تمام خشکی اور سمندروں کی تعداد کے برابر دعا کی فضیلت اور دل میں شعر بولنے والوں کے بارے میں خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجابر بن سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1019. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا سَيِّدِ أَهْلِ الْحَضَرِ، بِعَدَدِ الشَّجَرِ وَالثَّمَرِ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الرِّيحِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ إِخْبَارِهِ ﷺ بِالشَّاةِ الَّتِيْ أُخِذَتْ بِغَيْرِ إِذْنِ أَهْلِهَا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن سليم التميمي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سید اہل الحضر ﷺ والدین تمام درختوں اور پھلوں کے تعداد کے برابر ہوا چلنے کے وقت کی دعا اور اس بکری کے بارے میں خبر دی تھی جو مالک کے اجازت کے بغیر پکڑی گئی تھی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجابر بن سلیم التمیمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1020. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ، بِعَدَدِ الشَّوْكِ وَالشَّجَرِ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ

الادب المفرد بَابُ لَا تَسُبُّوا الرِّيحَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهٖ ﷺ بِالشَّاةِ الَّتِيْ ذُبِحَتْ قَرْضًا) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن سمرة وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سید الثقلین ﷺ والدین تمام درختوں اور اس کے پتوں کے برابر ہوا کو برا بھلا مت کہو اور اس بکرے کے بارے میں خبر دی تھی جو مردہ حالت میں ذبح کیا گیا تھا کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1021. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَيِّدِ الْعٰلَمِيْنَ، بِعَدَدِ الشَّفْعِ وَالْوَتْرِ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الصَّوَاعِقِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهٖ ﷺ بِنُزُوْلِ جَمَاعَةٍ الْجَابِيَةَ فَاَخَذَ الطَّاعُوْنُ اِيَّاهُمْ فَكَانَ كَمَا اَخْبَرَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن شيبان الثقفي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سید العالمین ﷺ والدین تمام جفت اور طاق کے تعداد کے برابر بجلی کی چمک کے وقت کی دعا کا بیان اور خبر دی تھی کہ ایک جماعت جابیہ میں نزول کرے گی اور ان کو طاعون کی مرض پکڑی گئی اور اسی طرح ہوا کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن شیبان الثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1022. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَيِّدِ الْكَوْنَيْنِ، بِعَدَدِ كُلِّ مَنْ اٰمَنَ وَاتَّقٰى، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ إِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهٖ ﷺ شَدَّادَ بْنَ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ بِاَنَّهٗ يُعَافٰى مِنْ مَّرَضِهٖ، وَاَنَّهٗ يَسْكُنُ الشَّامَ. فَكَانَ كَذٰلِكَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن طارق الأحمسي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سید الکونین ﷺ والدین تمام ایمانداروں اور پرہیزگاروں کے تعداد کے برابر بادل گرجنے کے وقت کی دعا اور خبر دی تھی کہ شداد بن اوس رضی اللہ عنہ اس مرض سے ٹھیک ہوگا اور شام میں رہائش رکھے گا اور اس طرح ہوگیا کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن طارق الاحمسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1023. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ، بِعَدَدِ مَنْ صَدَّقَ وَاهْتَدٰى، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهٖ ﷺ مَنْ اَرْسَلَهٗ اِلٰى ابْنَتِهٖ لَمَّا حَبَسَهٗ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن ظالم الطائي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سید المرسلین ﷺ والدین تمام سچوں اور ہدایت یافتہ کے

تعداد کے برابر اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگنے کا بیان اور بیٹی کی باپ کی قید میں ہونے کی خبر کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن ظالم الطائی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1024. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا سَيِّدِ الْمُؤْمِنِيْنَ، بِعَدَدِ مَنْ سَبَّحَ وَصَلّٰى، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ كَرِهَ الدُّعَاءَ بِالْبَلَاءِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ إِخْبَارِهِ ﷺ مَنْ اَرْسَلَهُ إِلٰى عُثْمَانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَنْ حَبْسِهِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن عبد الله الراسبي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سید المومنین ﷺ والدین تمام تسبیح اور درود پڑھنے والوں کی تعداد کے برابر آزمائش میں مبتلا ہونے کی دعا کرنا مکروہ ہے اور حضرت عثمانؓ کی قید میں ہونے کی خبر کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن عبد اللہ الراسبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1025. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَيِّدِ النَّاسِ، بِعَدَدِ الرَّمْلِ وَالثَّرٰى، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ تَعَوَّذَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ إِخْبَارِهِ ﷺ عَمَّنْ قَاتَلَ الْكُفَّارَ قِتَالًا شَدِيْدًا اَنَّهُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، يَقْتُلُ نَفْسَهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن عبد الله بن رئاب وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سید الناس ﷺ والدین تمام رمل اور ثریٰ کے تعداد کے برابر سخت مصیبت سے پناہ مانگنے کا بیان اور خبر دی کہ ایک آدمی کافروں سے سخت لڑائی لڑے گا اور وہ اہل دوزخ ہوگا کیونکہ وہ خود کشی کرے گا اور اسی طرح ہو گیا کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن عبد اللہ بن رئاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1026. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَيِّدِ وُلْدِ اٰدَمَ، بِعَدَدِ الْخَلَائِقِ اَجْمَعِيْنَ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ حَكٰى كَلَامَ الرَّجُلِ عِنْدَ الْعِتَابِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ إِخْبَارِهِ ﷺ بِسَبَبِ اللَّحْمِ صَارَ حَجَرًا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن عبد الله بن عمرو بن حرام وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سید ولد آدم ﷺ والدین تمام مخلوقات کے تعداد کے برابر ڈانٹ کے وقت دوسرے کی بات کی نقل کرنا اور گوشت کا ٹکڑا پتھر ہے اور ایسا ہو جانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن عبد اللہ بن عمرو بن حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1027. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَيِّدِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ، بِعَدَدِ الْخَوَاطِرِ وَالظُّنُوْنِ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ

الادب المفرد بَابُ الْغِيبَةِ، وَقَوْلَ اللهِ عَزَّ وَ جَلَّ: ﴿وَلَا يَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا﴾ (الحجرات: 12) صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهٖ ﷺ بِمَا سُحِرَ بِهٖ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن عبيد العبدی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِی الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سید ھذہ الامۃ ﷺ والدین تمام خواطر اور ظنون کے تعداد کے برابر غیبت اور اللہ تعالیٰ کے فرمان ''کوئی کسی کی غیبت نہ کرے'' کا بیان اور نبی ﷺ پر جادو اور سحر جس چیز سے ہوا کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن عبید العبدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1028. يَا هَادِیْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَيْفِ الْاِسْلَامِ، بِعَدَدِ مِلْحِ الْعُيُوْنِ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الْغِيبَةِ لِلْمَيِّتِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اِخْبَارُهٗ ﷺ بِمَنْ سَحَرَهٗ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن عمير وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِی الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سیف الاسلام ﷺ والدین تمام نمک کے ذروں کے تعداد کے برابر مردہ شخص کی غیبت کی ممانعت اور خبر دی تھی کہ ان پر سحر اور جادو کیسے ہوا کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1029. يَا هَادِیْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا سَيْفِ اللهِ الْمَسْلُوْلِ، بِعَدَدِ شَامِلِ الْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ مَسَّ رَأْسَ صَبِيٍّ مَعَ أَبِيهِ وَبَرَّكَ عَلَيْهِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِي الْبِئْرِ اُلْقِيَ فِيْهِ سِحْرُ النَّبِيِّ ﷺ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن عوف الثقفی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِی الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سیف اللہ المسلون ﷺ والدین تمام عدل اور احسان والوں کی تعداد کے برابر بچے کے والد کی موجودگی میں اس کے سر پر ہاتھ پھیرنا اور برکت کی دعا کرنا اور اس کنویں کے بارے میں خبر دی کہ جادو و سحر اس میں ڈالا گیا ہے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن عوف الثقفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1030. يَا هَادِیْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا السَّيْفِ الْمُخَذَّمِ، بِعَدَدِ كَامِلِ الْفَضْلِ وَالْاِمْتِنَانِ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ دَالَّةِ أَهْلِ الْإِسْلَامِ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اِتْيَانُ جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لِلنَّبِيِّ ﷺ بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن ماجد الصدفی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِی الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت سیف المخذم ﷺ والدین تمام کامل فضل اور احسان والوں کے

تعداد کے برابر اہلِ اسلام کی آپس میں بے تکلفی کا بیان اور حضرت جبرائیلؑ نے معوذ تین جادو سحر کا علاج بتانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن ماجد الصدفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1031. يَا هَادِیْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا الشَّارِعِ، بِعَدَدِ وَالِی الْبِرِّ وَالْاِحْسَانِ، وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ إِكْرَامِ الضَّيْفِ وَخِدْمَتِهِ إِيَّاهُ بِنَفْسِهِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (بَنَاتُ اَعْصَمَ وَسِحْرُ النَّبِيِّ ﷺ وَاِخْبَارُهُ بِهِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن النعمان البلوی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِی الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الشارع ﷺ والدین تمام نیکیوں اور احسانوں کے تعداد کے برابر مہمان کی عزت اور خدمت خود کرنا اور خبر دی تھی کہ نبی ﷺ پر اعصم کے بیٹوں نے جادو کرنے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن النعمان البلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1032. يَا هَادِیْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا الشَّافِعِ، بِعَدَدِ عَالِی الْقَدْرِ وَالْمَكَانِ، وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ جَائِزَةِ الضَّيْفِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِیْ اِخْبَارِهٖ ﷺ مُعَاذًا بِاَنَّ نَاقَتَهُ تَبْرُكُ بِالْجُنْدِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجابر بن یاسر الرعینی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِی الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الشافع ﷺ والدین تمام بڑے قدروں کے تعداد کے برابر مہمان کا پر تکلف کھانا اور حضرت معاذؓ کو خبر دی تھی کہ اس کی اونٹنی میں جند میں ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جابر بن یاسر الرعینی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1033. يَاهَادِیْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا الشَّافِیْ، بِعَدَدِ مِلْاِ الْمِيْزَانِ، وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِیْ اِخْبَارِهٖ ﷺ مَنْ سَاَلَ اَهْلَ رَجُلٍ عَنْ حَالِهٖ بِمَا سَاَلَهُ عَنْهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجاحل أبو مسلم الصدفی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِی الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الشافی ﷺ والدین تمام میزان کو بھاری کرنے والے اشیاء کے تعداد کے برابر مہمانی تین دن ہے اور ایک آدمی نے اہل رجال کے بارے میں پوچھا تھا کہ نبی ﷺ نے اس کا خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جاحل أبو مسلم الصدفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1034. يَا هَادِیْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَيِّدِنَا الشَّاكِرِ، بِعَدَدِ مَا اخْتَلَفَ الْمَلَوَانِ، وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ

الادب المفرد بَابُ لَا يُقِيمُ عِنْدَهُ حَتَّى يُحْرِجَهُ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ إِخْبَارِهِ ﷺ بِأَنَّ الْاَرْضَةَ اَكَلَتِ الصَّحِيْفَةَ الظَّالِمَةَ، الَّتِيْ كَتَبَتْهَا قُرَيْشٌ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَالجارود بن المعلى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الشاکر ﷺ والدین تمام زمانوں کی ادلی بدلی کے تعداد کے برابر میزبان کے پاس اتنا نہ ٹھہرے کہ وہ تنگ آجائے اور خبر دی تھی کہ قریش کا عہد نامہ جو کعبہ میں آویزاں ہے اس کو زمین نے کھا لینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین والجارود بن المعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1035. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الشَّاهِدِ، بِعَدَدِ مَا تَعَاقَبَ الْعَصْرَانُ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ إِذَا أَصْبَحَ بِفِنَائِهِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اِصَابَةُ يَدِ كَاتِبِ الصَّحِيْفَةِ بِالشَّلَلِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجارية بن أصرم الكلبى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الشاهد ﷺ دنوں کا ایک دوسرے کے بعد آنے کے تعداد کے برابر مہمان کو میزبان کے گھر صبح ہو جائے تو؟ اور قریشی عہد نامہ کے لکھنے والے کا ہاتھ شل ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجاریہ بن أصرم الکلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1036. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الشَّدْقَمِ، بِعَدَدِ مَا تَكَرَّ وَالْجَدِيْدَانِ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ إِذَا أَصْبَحَ الضَّيْفُ مَحْرُوْمًا صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ إِخْبَارِهِ ﷺ قُرَيْشًا لَيْلَةَ الْاَسْرَاءِ بِصِفَةِ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، وَلَمْ يَكُنْ رَآهُ قَبْلَ لَيْلَةَ الْاَسْرَاءِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجارية بن زيد وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الشدقم ﷺ جب تک سورج وچاند کا نظام قائم رہے گا جب مہمان میزبانی سے محروم رہ جائے تو کیا کرے اور سفر معراج میں راہ کے والدین تمام مراحل کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام وبرکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجاریہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1037. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الشَّدِيْدِ، بِعَدَدٍ مِّنَ الْيَوْمِ اِلٰى يَوْمٍ يُّنْفَخُ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ خِدْمَةِ الرَّجُلِ الضَّيْفَ بِنَفْسِهٖ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ إِخْبَارِهِ ﷺ بِقَتْلِ اَصْحَابِهٖ يَوْمَ الرَّجِيْعِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجارية بن ظفر الحنفى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الشدید ﷺ اول یوم سے آخری صور پھونکنے تک مہمان کی خود خدمت کرنا

اور یوم رجیع کو صحابہ ؓ کی شہادت کا خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجاریہ بن ظفر الحنفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1038. يَا هَادِيُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الشَّرِيفِ، بِعَدَدِ الْعَطِيَّاتِ وَالْخَيْرَاتِ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ قَدَّمَ إِلَى ضَيْفِهِ طَعَامًا فَقَامَ يُصَلِّي صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِي إِخْبَارِهِ ﷺ بِقَتْلِ أَصْحَابِهِ بِئْرِ مَعُونَةَ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجارية بن قدامة وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الشریف ﷺ والدین تمام عطیات اور خیرات کی تعداد کے برابر جس نے مہمان کو کھانا پیش کیا اور خود نماز پڑھنے لگا اور بئر معونہ میں صحابہ ؓ کی شہادت کا خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجاریہ بن قدامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1039. يَا هَادِيُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الشِّفَآءِ، بِعَدَدِ الْمِعْرَاجِ وَالْقَدْرِ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ نَفَقَةِ الرَّجُلِ عَلَى أَهْلِهِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (إِخْبَارُهُ ﷺ بِأَنَّهُ لَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ أَحَدٌ وَأَنَّهُمْ قُتِلُوا جَمِيعًا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجاهمة بن العباس السلمى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت الشفاء ﷺ معراج اور قدر کے تعداد کے برابر اہل وعیال پر خرچ کرنے کا بیان اور بئر معونہ میں والدین تمام صحابہ ؓ کی شہید ہونے کی خبر کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجاہمہ بن العباس السلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1040. يَا هَادِيُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الشَّفِيعِ، بِعَدَدِ مَنْ صَلَّى عَلَيْهِ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ يُؤْجَرُ فِي كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى اللُّقْمَةُ يَرْفَعُهَا إِلَى فِي امْرَأَتِهِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِي إِخْبَارِهِ ﷺ بِأَنَّ خَيْبَرَ تُفْتَحُ عَلَى يَدِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبار بن الحارث وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت شفیع ﷺ والدین تمام درود پڑھنے والوں کی تعداد کے برابر ہر چیز میں اجر دیا جاتا ہے حتی کہ بیوی کے منہ میں لقمہ دینے میں بھی اجر ہے اور خیبر کو حضرت علی ؓ کے ہاتھوں فتح ہونے کی خبر کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجبار بن الحارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1041. يَا هَادِيُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا الشَّفِيقِ، بِعَدَدِ مَنْ لَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الدُّعَاءِ إِذَا بَقِيَ ثُلُثُ اللَّيْلِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (إِخْبَارِهِ ﷺ بِرَجُلٍ غَلَّ خَرَزَاتٍ مِّنْ خُرَزِ

الْيَهُوْدِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبار بن الحكم السلمى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت شفیق ﷺ والدین تمام درود نہ پڑھنے والوں کے تعداد کے برابر ایک تہائی رات رہ جائے تو اس وقت دعا کرنا اور یہودی کے نگینوں کو چوری کرنے کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبار بن الحکم السلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1042. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الشَّكَّارِ، بِعَدَدِ كَمَا يَنْبَغِي الصَّلٰوةُ عَلَيْهِ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: فُلَانٌ جَعْدٌ، أَسْوَدُ، أَوْ طَوِيلٌ، قَصِيرٌ، يُرِيدُ الصِّفَةَ وَلَا يُرِيدُ الْغِيبَةَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (إِخْبَارِهِ ﷺ عَنْ رَجُلٍ قَاتَلَ الْكُفَّارَ قِتَالًا شَدِيدًا أَنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبار بن سلمى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت شکار ﷺ والدین تمام نماز پڑھنے والوں کی تعداد کے برابر اگر کوئی کہے کہ فلاں گھنگریالے بالوں والا، کالا، یا لمبا، یا پست قد ہے، اور اس کا مقصد تعارف کروانا ہو، غیبت نہ ہو تو کوئی حرج نہیں اور ایک ایسے آدمی کے بارے خبر دی تھی جو کفار سے سخت قتال کرے گا اور وہ دوزخی ہو گا کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبار بن سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1043. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الشَّكُوْرِ، بِعَدَدِ مَنَازِلِ الْقَمَرِ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ لَمْ يَرَ بِحِكَايَةِ الْخَبَرِ بَأْسًا صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (قُزْمَانُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبار بن صخر وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت شکور ﷺ چاند اور اس کے منازل کے تعداد کے برابر کسی شخص کے پرانے واقعہ کو بیان کرنا اور قزمان کی دوزخی ہونے کی خبر کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبار بن صخر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1044. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا الشَّمْسِ، بِعَدَدِ أَنْبِيَاءِ اللهِ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِي إِخْبَارِهِ ﷺ بِقَتْلِ مَنْ قُتِلَ فِي غَزْوَةِ مُؤْتَةَ يَوْمَ أُصِيبُوْا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبارة بن زرارة البلوى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت شمس ﷺ والدین تمام انبیاء اللہ کے تعداد کے برابر مسلمان کی پردہ پوشی کرنے کا حکم اور خبر دی تھی کہ غزوہ موتہ میں کون کون شہید ہو گا کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبارہ بن زرارۃ

البلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1045. یَا هَادِیُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا الشِّهَابِ، بِعَدَدِ اَخْیَارِ اللهِ، وَقَوْلُكَ فِی کِتَابِ الادب المفرد بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: هَلَكَ النَّاسُ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اِخْبَارِهِ ﷺ بِقَتْلِهِمْ وَالرَّایَةِ) صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَیْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبر أبو عبداللهِ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِیُ الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت شہاب ﷺ والدین تمام نیک لوگوں کے تعداد کے برابر کسی آدمی کا کہنا کہ لوگ ہلاک ہوگئے اور جھنڈا برداروں میں کچھ شہداء کے نام بتانے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبر اُبو عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1046. یَا هَادِیُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا الشَّهِمِ، بِعَدَدِ اَصْفِیَآءِ اللهِ، وَقَوْلُكَ فِی کِتَابِ الادب المفرد بَابُ لا یَقُوْلُ لِلْمُنَافِقِ: سَیِّدٌ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِیْ اِخْبَارِهِ ﷺ بِکِتَابِ حَاطِبٍ اِلٰى اَهْلِ مَکَّةَ) صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَیْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبر الأعرابی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِیُ الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت شہم ﷺ والدین تمام پاکیزہ لوگوں کے تعداد کے برابر منافق کو سید نہیں کہنا چاہیے اور حاطب کا اہل مکہ کے نام خط کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبر الأعرابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1047. یَا هَادِیُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا الشَّهِیْدِ، بِعَدَدِ اَوْلِیَآءِ اللهِ، وَقَوْلُكَ فِی کِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَا یَقُوْلُ الرَّجُلُ اِذَا زُکِّیَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اِعْلَامُهُ ﷺ عَلِیًّا وَمَنْ مَّعَهُ بِمَکَانِ الْمَرْاَةِ الَّتِیْ مَعَهَا الْکِتَابُ) صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَیْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبر الکندی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِیُ الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت شہید ﷺ والدین تمام اولیاء اللہ کے تعداد کے برابر جب کسی کی پارسائی بیان کی جائے تو وہ کیا کہے اور حضرت علیؓ اور اس کے ساتھیوں کو عورت کی اس جگہ کی نشاندہی کی تھی جس جگہ اس نے خط چھپایا تھا کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبر الکندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1048. یَا هَادِیُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَیِّدِنَا الصَّابِرِ، بِعَدَدِ اَتْقِیَآءِ اللهِ، وَقَوْلُكَ فِی کِتَابِ الادب المفرد بَابُ لَا یَقُوْلُ لِشَیْءٍ لا یَعْلَمُهُ: اَللّٰهُ یَعْلَمُهُ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِیْ اِخْبَارِهِ ﷺ الْاَنْصَارَ بِمَا قَالُوْهُ فِیْ غَزْوَةِ الْفَتْحِ) صَلَّى اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَیْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبر بن أنس وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ

الْهَادِی الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا وسردار حضرت صابر ﷺ والدین تمام متقی لوگوں کے تعداد کے برابر جس چیز کا علم نہ ہو اس کے بارے میں یوں نہ کہے کہ اللہ اسے جانتا ہے اور فتح مکہ کے موقع پر انصارؓ نے جو کچھ فرمایا تھا ان کو اس کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبر بن اُنس رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1049. یَا هَادِیُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا الصَّاحِبِ، بِعَدَدِ اَسْخِیَآءِ اللهِ، وَقَوْلُكَ فِیْ کِتَابِ الادب المفرد بَابُ قَوْسِ قُزَحٍ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِیْ اِخْبَارِهٖ ﷺ عُثْمَانَ بْنَ طَلْحَةَ بِاَنَّهٗ سَیَصِیْرُ مِفْتَاحُ الْبَیْتِ اِلَیْهِ یَضَعُهٗ حَیْثُ شَآءَ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَیْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبر بن عبد الله القبطی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِی الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا وسردار حضرت صاحب ﷺ والدین تمام سخی لوگوں کی تعداد کے برابر قوسِ قزح کا بیان اور حضرت عثمان بن طلحہ کو خانہ کعبہ کی چابی عنایت فرمائی تھی کہ وہ جہاں رکھے رکھ سکتے ہیں کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبر بن عبد اللہ القبطی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1050. یَا هَادِیُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْاَزْوَاجِ الطَّاهِرَاتِ، بِعَدَدِ شُهَدَآءِ اللهِ، وَقَوْلُكَ فِیْ کِتَابِ الادب المفرد بَابُ الْمَجَرَّةِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِیْ اِخْبَارِهٖ ﷺ شَیْبَةَ بْنَ عُثْمَانَ بِاَنَّهٗ لَمْ یُسْلِمْ بَعْدُ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَیْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبر بن عتیك وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِی الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا وسردار حضرت ازواج الطاہرات ﷺ والدین تمام شہیدوں کے تعداد کے برابر مجرّہ کا بیان اور شیبہ بن عثمان نے اس وقت تک ایمان نہیں لایا تھا کا خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبر بن عتیک رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1051. یَا هَادِیُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْاٰیَاتِ، بِعَدَدِ فُقَرَآءِ اللهِ، وَقَوْلُكَ فِیْ کِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَنْ کَرِهَ اَنْ یُقَالَ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ فِیْ مُسْتَقَرِّ رَحْمَتِكَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (عِلْمُهٗ ﷺ بِمَا کَنَّهٗ شَیْبَةُ بْنُ عُثْمَانَ فِیْ نَفْسِهٖ) صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَیْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبل بن جوال الثعلبی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِی الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا وسردار حضرت صاحب الایات ﷺ والدین تمام فقراء کے تعداد کے برابر مستقر رحمت میں جانے کی دعا نہ کی جائے اور خبر دی تھی کہ جو کچھ شیبہ بن عثمان کے دل میں تھا فرمایا کا معجزہ رکھنے والے اور درود وسلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ

اجمعین وجبل بن جوال الثعلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1052. یَا هَادِیُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْبُرَاقِ، بِعَدَدِ الْحُبُوْبِ وَالْاَشْجَارِ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ لَا تَسُبُّوا الدَّهْرَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهٖ ﷺ عُيَيْنَةَ بْنَ حِصْنٍ بِمَا قَالَهُ لِاَهْلِ الطَّائِفِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبلة بن أبي كرب الكندی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب البراق ﷺ والدین تمام درختوں اور پودوں کے تعداد کے برابر زمانے کو گالی مت دو اور خبر دی جو کچھ عینیہ بن حصن نے اہل طائف کو کہا تھا کا خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجبلہ بن ابی کرب الکندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1053. یَا هَادِیُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْبُرْدَةِ، بِعَدَدِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ لَا يُحِدُّ الرَّجُلُ إِلَى أَخِيهِ النَّظَرَ إِذَا وَلَّى صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهٖ ﷺ بِقَتْلِ كِسْرٰى يَوْمَ قَتْلِهٖ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبلة بن الأزرق الكندی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب البردۃ ﷺ والدین تمام دنوں اور راتوں کے تعداد کے برابر کوئی شخص اپنے بھائی کو تیز نظروں سے نہ دیکھے جب وہ واپس جائے اور جس دن کسریٰ کے قتل ہونے کی خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجبلہ بن الأزرق الکندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1054. یَا هَادِیُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبُ بُرْدٍ يَمَانِيْ، بِعَدَدِ حَرَكَاتِ الصَّائِمِيْنَ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلرَّجُلِ: وَيْلَكَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اِخْبَارُهٗ ﷺ اَنَّ شَيْرُوَيْهِ بْنَ كِسْرٰى هُوَ قَتَلَهٗ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبلة بن الأشعر الخزاعی وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْاٰخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب بردیمانی ﷺ والدین تمام روزوں کے حرکات کے تعداد کے برابر کسی کو ''ویلک'' کہنے کا حکم اور شیرویہ بن کسریٰ کے قتل کا خبر دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبلہ بن الأشعر الخزاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1055. یَا هَادِیُ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْبُرْهَانِ، بِعَدَدِ سَكَنَاتِ الْقَائِمِيْنَ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الْبِنَاءِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اِخْبَارُهٗ ﷺ اَنَّهٗ لَا كِسْرٰى وَلَا قَيْصَرَ بَعْدَ الْيَوْمِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبلة بن ثعلبة الأنصاری وَبَارِكْ

وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب البرھان ﷺ والدین تمام قائمین کے سکنات کے برابر مکان بنانے کا تذکرہ اور خبر دی تھی کہ آج کے بعد نہ قیصر ہوگا اور نہ کسریٰ کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبلہ بن ثعلبۃ الأنصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1056. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا صَاحِبِ الْبَيَانِ، بِعَدَدِ ذَرَّاتِ الْاَرَضِيْنَ، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: لَا وَ أَبِيكَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهِ ﷺ بِأُنَاسٍ يُّسَمُّوْنَ الْخَمْرَ بِغَيْرِ اسْمِهَا) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبلة بن جنادة الخزاعي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب البیان ﷺ زمین کے والدین تمام ذروں کے تعداد کے برابر کسی شخص کا دوران گفتگو لَا وَ اَبِیکَ کہنا اور لوگ شراب کو اور نام دیں گے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبلہ بن جنادۃ الخزاعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1057. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا صَاحِبِ التَّاجِ، إِذَا اللَّيْلُ يَغْشٰى، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ إِذَا طَلَبَ فَلْيَطْلُبْ طَلَبًا يَسِيرًا وَلا يَمْدَحُهُ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اِخْبَارُهُ ﷺ بِاسْتِحْلَالِ طَائِفَةٍ لِّلْخَمْرِ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبلة بن حارثة الكلبي وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب التاج ﷺ جب تک رات چھا جائے جب کوئی شخص کسی سے کچھ طلب کرے تو عام انداز میں مانگے اور تعریف نہ کرے اور ایک گروپ شراب کو حلال سمجھے گی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبلہ بن حارثۃ الکلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1058. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا صَاحِبِ التَّوْحِيْدِ، إِذَا النَّهَارُ تَجَلّٰى، وَقَوْلُكَ فِي كِتَابِ الادب المفرد بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: لَا بُلَّ شَانِئُكَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اِخْبَارُهُ ﷺ بِأَنَّ أُمَّتَهُ سَتَشْرَبُ الْخَمْرَ وَيَكُوْنُ عَوْنُهُمْ أُمَرَاءَ هُمْ) صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبلة بن سعيد وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب التوحید ﷺ جب تک روز روشن رہے اور اس وقت کے لوگ شراب پییں گے کسی کے دشمن کے مرنے کی دعا کرنا اور ان کے مددگار امراء ہوں گے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین و جبلہ بن

سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1059. یَا هَادِیْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْجُبَّةِ، بِعَدَدِ كَلِمَاتِكَ وَاَلْفَاظِكَ، وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ لَا يَقُوْلُ الرَّجُلُ: اللّٰهُ وَ فُلَانٌ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِیْ اِخْبَارِهٖ ﷺ بِاَنَّ الْاَذَانَ يَلِيْهِ سَفَلَةُ النَّاسِ وَيَرْغَبُ عَنْهُ سَادَاتِهِمْ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبلة بن شراحيل الكلبى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الجبہ ﷺ والدین تمام جملوں اور الفاظ کی تعداد کے برابر کوئی یوں نہ کہے کہ اللہ ہے اور فلاں ہے اور اذان غریب دیں گے اور امراء کے لیے اذان میں رغبت نہیں رہی گی کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجبلہ بن شراحیل الکلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1060. یَا هَادِیْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْجُمَّةِ، بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ، وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ: مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشِئْتَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِیْ اِخْبَارِهٖ ﷺ مَنْ اَخَذَ بِكَشْحِ امْرَاَةٍ بِمَا فَعَلَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبلة بن عمرو الأنصارى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الجمہ ﷺ والدین تمام معلومات کے تعداد کے برابر "جیسے اللہ چاہے اور آپ چاہیں" کہنا ناجائز ہے اور خبر دی تھی (فِیْ اِخْبَارِهٖ ﷺ مَنْ اَخَذَ بِكَشْحِ امْرَاَةٍ بِمَا فَعَلَ) کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجبلہ بن عمرو الانصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1061. یَا هَادِیْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْجِهَادِ، بِعَدَدِ مَنْ صَامَ شَهْرَ رَمَضَانَ، وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الْغِنَاءِ وَاللَّهْوِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِیْ اِخْبَارِهٖ ﷺ بِاَنَّ الْاَمْرَ سَيَعُوْدُ اِلٰی حِمْيَرَ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبلة بن مالك الدارى وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الجہاد ﷺ والدین تمام روزہ داروں کے تعداد کے برابر گانے اور کھیل کا بیان اور امیر حمیر کی طرف واپس لوٹ جانے کے خبر کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ اجمعین وجبلہ بن مالک الداری رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر۔

1062. یَا هَادِیْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا صَاحِبِ الْحِبَرَةِ، بِعَدَدِ لَيْلَةِ الْبَرَآءَتِ، وَقَوْلُكَ فِیْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ الْهَدْيِ وَالسَّمْتِ الْحَسَنِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِیْ اِخْبَارِهٖ ﷺ بِحَالِ الرِّجَالِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبيب بن الحارث وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي

الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الحبرۃ ﷺ لیلۃ البرات کے تعداد کے برابر اچھی عادتیں اور عمدہ اخلاق کا بیان اور خاص رجال کے بارے میں دینے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و جبیب بن الحارث رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

1063. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا صَاحِبِ الْحُجَّةِ، بِعَدَدِ قَآئِمِيْنَ الْقَدْرِ، بَابُ: وَيَأْتِيكَ بِالْأَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (فِيْ اِخْبَارِهِ ﷺ بِأَنَّهُ لَا يَبْقٰى اَحَدٌ مِّنْ اَصْحَابِهِ بَعْدَ الْمِائَةِ مِنَ الْهِجْرَةِ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبير بن بحينة وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و سردار حضرت صاحب الحجۃ ﷺ قائمین قدر کے تعداد کے برابر تیرے پاس وہ خبریں لائے گا جسے تو نے تیار نہیں کیا ہوگا اور خبر دی تھی کہ ہجرت کے سو سال بعد اصحاب میں کوئی زندہ نہیں ہونے کا معجزہ رکھنے والے اور درود و سلام و برکت بھیج آپ ﷺ کے آل اور والدین تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالی اجمعین و جبیر بن بحینہ رضی اللہ تعالی عنہ پر۔

1064. يَا هَادِيْ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَى سَيِّدِنَا صَاحِبِ الْحَصِيْرِ، بِعَدَدِ ذَرَّةٍ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ، وَقَوْلُكَ فِيْ كِتَابِ الادب المفرد بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ التَّمَنِّيْ صَاحِبِ الْمُعْجِزَةِ (اِخْبَارُهُ ﷺ بِأَنَّهُ لَنْ تَمُرَّ عَلٰى نَفْسٍ مَنْفُوْسَةٍ مِائَةُ سَنَةٍ) صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَوَالِدَيْهِ وَسَائِرِ الصَّحَابَةِ وَجبير بن الحباب بن المنذر وَبَارِكْ وَسَلِّمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْهَادِي الْآخِرُ۔

